ROLL NUMBER						
0	0	0	0	0	0	0
1	1	1	1	1	1	1
2	2	2	2	2	2	2
3	3	3	3	3	3	3
4	4	4	4	4	4	4
5	5	5	5	5	5	5
6	6	6	6	6	6	6
7	7	7	7	7	7	7
8	8	8	8	8	8	8
9	9	9	9	9	9	9

Version No.				
2	0	0	2	1
0	●	●	0	0
1	1	1	1	●
●	2	2	●	2
3	3	3	3	3
4	4	4	4	4
5	5	5	5	5
6	6	6	6	6
7	7	7	7	7
8	8	8	8	8
9	9	9	9	9

اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____

Candidate Sign. _____

Invigilator Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرے کو پُر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	مقطع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟	پہلا	دوسرا	درمیانی	آخری	○	○	○	○
2.	جملے کا وہ حصہ جس میں کسی شخصیت، جگہ یا چیز کے بارے میں کچھ کہا جائے کیا کہلاتا ہے؟	مرکب	کلمہ	مسند	مسندالیہ	○	○	○	○
3.	شعری اصطلاح میں "انتظار اور اعتبار" کیا ہیں؟	مطلع	ردیف	قافیہ	مقطع	○	○	○	○
4.	کس صنف سخن میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جاتی ہے؟	حمد	نعت	مناجات	منقبت	○	○	○	○
5.	"زید نے کھانا کھایا" اس جملے میں "زید" قواعد کی رو سے کیا ہے؟	فعل	فاعل	مفعول	علامت فاعل	○	○	○	○
6.	ڈرامہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟	ڈرنا	کچھ کر کے دکھانا	بھاگ جانا	پیش کرنا	○	○	○	○
7.	ایسے الفاظ جو دو یا دو سے زائد معانی میں استعمال ہوں کیا کہلاتے ہیں؟	ذو معنی	متضاد	محاورہ	روزمرہ	○	○	○	○
8.	چہرہ، سراپا، رخصت کس صنف نظم کے اجزاء ہیں؟	مثنوی	قصیدہ	مرثیہ	شہر آشوب	○	○	○	○
9.	"میں اسلام آباد میں رہتا ہوں" کس کی مثال ہے؟	کنایہ	مجاز مرسل	تشبیہ	استعارہ	○	○	○	○
10.	علی نماز پڑھ رہا ہے۔ یہ جملہ کیا کہلائے گا؟	مرکب اضافی	مرکب توصیفی	مرکب عطفی	مرکب تام	○	○	○	○
11.	وہ تحریر جو مسافر اپنے سفر کے متعلق تحریر کرتا ہے، کیا کہلاتی ہے؟	ناول	افسانہ	روزنامچہ	سفرنامہ	○	○	○	○
12.	"طوفان نوح" قواعد کی رو سے کیا ہے؟	صنعتِ حسن تعلیل	صنعتِ تکرار	صنعتِ تلمیح	صنعتِ تضاد	○	○	○	○
13.	لفظ "مرثیہ" کس زبان سے ماخوذ ہے؟	فارسی	لاطینی	یونانی	عربی	○	○	○	○
14.	"زمین سورج کے گرد ایک سال میں چکر مکمل کرتی ہے" یہ جملہ کس انداز بیان کی مثال ہے؟	ادبی	صحافتی	سائنسی	عدالتی	○	○	○	○
15.	مخمس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟	چار	پانچ	چھے	سات	○	○	○	○

10/02/2026PC-13

اردو(لازمی) ایس ایس سی ۔ II

وقت:2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:60

حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر2: الف۔ حصہ نثر

عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں: (7 x 2 = 14)

پطرس کی تحریک پر ایک محدود ادبی حلقہ قائم کیا گیا جس میں ڈاکٹر تاثیر، فیض احمد فیض، حامد علی خان، حمید احمد خان، چراغ حسن حسرت، محمود نظامی، غلام عباس، انصار ناصری وغیرہ شریک کیے گئے تھے۔ ہر مہینے اس کا ایک جلسہ ہوتا تھا، کبھی پطرس کے گھر پر اور کبھی ڈاکٹر تاثیر کے گھر پر۔ اس میں ایک مقالہ کسی ادبی موضوع پر پڑھا جاتا اور اس پر گفتگو ہوتی۔ ایک جلسے میں محمود نظامی نے مقالہ پڑھا۔ اس میں مرزا صاحب بھی تشریف لائے تھے ڈاکٹر تاثیر نے گفتگو کا آغاز کیا۔ پطرس خاموش رہے۔ مرزا صاحب سے درخواست کی گئی کہ کچھ فرمائیں مرزا صاحب بحث و مباحثے کو ناپسند کرتے تھے۔ اس لیے بڑی محتاط رائے دیتے تھے۔ انداز کچھ ایسا ہوتا تھا۔ "نہیں یہ بات نہیں مگر خیر ایسا بھی ہوتا ہے"۔ پطرس کو شوخی سوجھی۔ فیض کو اشارہ کیا۔ وہ مرزا صاحب سے زیادہ واقف نہیں تھے۔ بات کاٹ کر فوراً شروع ہو گئے "۔ یہ تو آپ کو معلوم ہی ہو گا کہ رومی تہذیب یونانی تہذیب کے بعد ابھری۔ "اتنا تو ان کا کہنا اور مرزا صاحب کا جلال میں آجانا"۔ جی ہاں، میں یہ جانتا ہوں اور یہ بھی جانتا ہوں کہ۔۔۔۔" پرانی تہذیبوں کی تاریخ کا ایک دریا تھا جو امڈا چلا آتا تھا۔

سوالات:

(i) کس کی تحریک پر ایک محدود ادبی حلقہ قائم کیا گیا؟

(ii) پطرس نے محدود ادبی حلقہ جو قائم کیا اس میں کون کون سی شخصیات شامل تھیں؟ (کوئی چار)

(iii) ادبی حلقے کا اجلاس کس کے گھر منعقد ہوتا تھا؟

(iv) ادبی حلقے میں کس موضوع پر گفتگو کی جاتی تھی؟

(v) مرزا صاحب کا کسی موضوع پر گفتگو کرنے کا انداز کیسا ہوتا تھا؟ یا اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔

(vi) مرزا صاحب کو کس بات پر جلال آگیا؟

(vii) اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ یا مصنف کو مرزا صاحب کی علمیت اور قابلیت کا اندازہ کب ہوا؟

ب۔ حصہ شعر

درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ (5 x 2 = 10)

(i) جلوۂ قدرت کا شاہد، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(ii) مرتبہ دیکھ، خاکِ آدم کا — یہ مقامات مہر و ماہ نہیں

(iii) لمحاتِ مسرت ہیں تصور سے گریزاں — یاد آئے ہیں، جب بھی غم و آلام ہی آئے

(iv) اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے ، پانی فرات کا

(v) پتی پتی پر چمن کی، جان چھڑکو دوستو! — رات دن خدمات اربابِ چمن کرتے رہو

سوالات:

(i) 'جلوۂ قدرت کا شاہد' سے کیا مراد ہے؟ (بحوالہ شعر i)

(ii) دوسرے شعر میں انسان کا کیا مرتبہ بیان ہوا ہے؟ (بحوالہ شعر ii)

(iii) شاعر کن لمحات سے گریزاں ہے؟ (بحوالہ شعر iii)

(iv) دھوپ سے فرات کے پانی کی کیا حالت تھی؟ (بحوالہ شعر iv)

(v) پانچویں شعر کا مفہوم تحریر کریں۔ یا شعر نمبر 5 میں 'اربابِ چمن' سے کیا مراد ہے؟

ج۔ حصہ قواعد

درج ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔ (3 x 2 = 06)

(i) "حامد نے خط لکھا" اس جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(ii) مطلع کی مختصر وضاحت کریں۔ ایک شعری مثال بھی دیں۔

(iii) "ذو معنی الفاظ" سے کیا مراد ہے؟ مختصراً لکھیں۔ ایک مثال بھی دیں۔ یا "صنعت تلمیح" سے کیا مراد ہے؟ ایک شعری مثال بھی دیں۔

ورق الٹیے

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔ **(05)**

اسے کچھ خبر نہ ہوتی کہ کوئی دیکھ رہا ہے یا اس کے آس پاس کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں مگن رہتا۔ اس کے کوئی اولاد نہ تھی۔ وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اولاد سمجھتا تھا اور اولاد کی طرح ان کی پرورش اور نگہداشت کرتا۔ ان کو سرسبز اور شاداب دیکھ کر ایسا ہی خوش ہوتا جیسے ماں اپنے بچوں کو دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔ وہ ایک ایک پودے کے پاس بیٹھتا، ان کو پیار کرتا، جھک جھک کے دیکھتا اور ایسا معلوم ہوتا گویا ان سے چپکے چپکے باتیں کر رہا ہے۔ جیسے جیسے وہ بڑھتے اور پھولتے پھلتے اس کا دل بھی بڑھتا اور پھولتا تھا۔ ان کو توانا اور ٹانٹا دیکھ کر اس کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ جاتی۔

یا

انھوں نے روہانسا ہو کر گلہ شکوہ کر دیا: "جناب! میں نے کیا تصور کیا ہے کہ مجھے اس قدر کڑی سزا دی جا رہی ہے؟ بندہ بلکل بے گناہ ہے"۔ میں نے حیران ہو کر وضاحت طلب کی کہ ان کے ساتھ کون یہ ظلم کر رہا ہے انھوں نے گلوگیر آواز میں یہ تفصیل سنائی: "پچھلے ہفتے اسکول کے بارے میں جو شخص ملنے آیا تھا وہ یہ اسکول اپنے گاؤں میں نہیں بلکہ میرے گاؤں میں کھلوا رہا ہے۔ ہمارے درمیان پشتوں سے خاندانی دشمنی چلی آ رہی ہے۔ پہلے ہم ایک دوسرے کے مویشی چرا لاتے تھے، کبھی ایک دوسرے کے مزارعوں کو قتل کروا دیتے تھے، کبھی ایک دوسرے کی فصلیں اجاڑ دیتے تھے، لیکن اب وہ کمینہ میرے گاؤں کی نسلیں تباہ کرنے پر اتر آیا ہے۔ اسی لیے آپ سے سکول کھولنے کا وعدہ لے کر گیا ہے"۔ فروغ تعلیم کے فضائل پر یہ نرالی منطق سن کر میں سکتے میں آ گیا۔

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی — یہ مٹی، شانِ اسکندر کی ہے، آئینہ دار اب تک
کہ تو گفتار وہ کردار، تو ثابت وہ سیارا — اسی آندھی کا باقی ہے، یہاں گردوغبار اب تک
گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی — اسی تابش میں چمکی تھیں، مسلمانوں کی شمشیریں
ثریا سے زمین پر آسماں نے ہم کو دے مارا — انھی فولادی دیواروں سے، ٹکرائی تھیں تکبیریں

سوال نمبر5: درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

دل خون ہو چکا ہے، جگر ہو چکا ہے چاک — موت بھی، زندگی میں، ڈوب گئی
باقی ہوں میں، مجھے بھی کر، اے تیغ زن! تمام — یہ وہ دریا ہے، جس کی تھاہ نہیں
دیکھو تو چشم یار کی، جادو نگاہیاں — ہے یہ دنیا، عمل کی، جولاں گاہ
بے ہوش، اک نظر میں ہوئی، انجمن تمام — مے کدہ اور خانقاہ نہیں

سوال نمبر6: "قوم کی خاطر ایثار" کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ **(05)**

یا

اپنے علاقے کے ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے حوالے سے درخواست لکھیں۔

سوال نمبر7: دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں: **(10)**

تعلیم نسواں

خاکہ:

(i) تعلیم کی اہمیت (ii) اسلام اور خواتین کی تعلیم (iii) تعلیم نسواں کی اہمیت
(iv) تعلیم نسواں کی راہ میں رکاوٹیں (v) تعلیم یافتہ عورت ترقی یافتہ قوم

یا

محنت کی عظمت

خاکہ:

(i) محنت ہی زندگی کی اصل بنیاد (ii) محنت کی دینی اور اخلاقی حیثیت (iii) محنت کے ذریعے دنیا میں ترقی
(iv) سستی و کاہلی کے نقصانات (v) محنت ہی کامیابی کا راستہ ہے

—— 2SA-II 25002 ——